روزنامہ

الفضل

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 30 نومبر 2006ء 8 ذیقعد 1427 ہجری 30 نبوت 1385 ہش جلد 56-91 نمبر 268

اللہ ناراض ہوتا ہے

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا:۔

جو دعا نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس پر ناراض ہوتا ہے۔

(سنن ابن ماجہ کتاب الدعاء باب فضل الدعاء حدیث نمبر:3817)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

بہتر وقت دعا کا یہی ہے کہ ایسے وقت میں دعا ہو جب اسباب یاس اور نومیدی بکلی ظاہر نہ ہوں اور ایسی علامات نمودار نہ ہوں جن سے صاف طور پر نظر آتا ہو کہ اب بلا دروازہ پر ہے اور ایک طور پر اس کا نزول ہو چکا ہے۔ کیونکہ اکثر سنت اللہ یہی ہے کہ جب خدا تعالیٰ نے ایک عذاب کے نازل کرنے میں اپنے ارادہ کو ظاہر کر دیا تو وہ اپنے ارادہ کو واپس نہیں لیتا۔

یہ بالکل سچ ہے کہ مقبولین کی اکثر دعائیں منظور ہوتی ہیں بلکہ بڑا معجزہ ان کا استجابت دعا ہی ہے۔ جب ان کے دلوں میں کسی مصیبت کے وقت شدت سے بیقراری ہوتی ہے اور اس شدید بیقراری کی حالت میں وہ اپنے خدا کی طرف توجہ کرتے ہیں تو خدا ان کی سنتا ہے۔ اور اس وقت ان کا ہاتھ گویا خدا کا ہاتھ ہوتا ہے۔ خدا ایک مخفی خزانہ کی طرح ہے۔ کامل مقبولوں کے ذریعہ سے وہ اپنا چہرہ دکھلاتا ہے۔ خدا کے نشان تبھی ظاہر ہوتے ہیں جب اس کے مقبول ستائے جاتے ہیں۔ اور جب حد سے زیادہ ان کو دکھ دیا جاتا ہے تو سمجھو کہ خدا کا نشان نزدیک ہے بلکہ دروازہ پر۔ کیونکہ یہ وہ قوم ہے کہ کوئی اپنے پیارے بیٹے سے ایسی محبت نہیں کرے گا جیسا کہ خدا ان لوگوں سے کرتا ہے جو دل و جان سے اس کے ہو جاتے ہیں۔ وہ ان کے لئے عجائب کام دکھلاتا ہے اور ایسی اپنی قوت دکھلاتا ہے کہ جیسا ایک سوتا ہوا شیر جاگ اٹھتا ہے۔ خدا مخفی ہے اور اس کے ظاہر کرنے والے یہی لوگ ہیں۔ وہ ہزاروں پردوں کے اندر ہے اور اس کا چہرہ دکھلانے والی یہی قوم ہے۔

یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ یہ خیال کہ مقبولین کی ہر ایک دعا قبول ہو جاتی ہے یہ سراسر غلط ہے بلکہ حق بات یہ ہے کہ مقبولین کے ساتھ خدا تعالیٰ کا دوستانہ معاملہ ہے۔ کبھی وہ ان کی دعائیں قبول کر لیتا ہے اور کبھی وہ اپنی مشیت ان سے منوانا چاہتا ہے جیسا کہ تم دیکھتے ہو کہ دوستی میں ایسا ہی ہوتا ہے۔ بعض وقت ایک دوست اپنے دوست کی بات کو مانتا ہے اور اس کی مرضی کے موافق کام کرتا ہے۔ اور پھر دوسرا وقت ایسا بھی آتا ہے کہ اپنی بات اس سے منوانا چاہتا ہے۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 20)

سالانہ کنونشن AACP

ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز (AACP) اپنا نواں سالانہ کنونشن انشاء اللہ 3,2 دسمبر 2006ء کو منعقد کر رہی ہے۔ کنونشن میں انشاء اللہ کمپیوٹر فیلڈ کے ماہرین کی بڑی تعداد شرکت کرے گی نیز کمپیوٹر فیلڈ سے متعلقہ مختلف علمی و تحقیقی موضوعات پر لیکچرز، ٹیوٹوریلز اور ماہرین کے ساتھ Group Discussion کے پروگرام ہونگے۔ کمپیوٹر فیلڈ سے تعلق رکھنے والے احباب وخواتین AACP کی ممبر شپ اور تفصیلی پروگرام کیلئے ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز کے عہدیداران سے رابطہ کریں۔ ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز کی مختلف مجالس کے صدران سے رابطہ کیلئے۔

1۔ ربوہ (ربوہ بشمول جھنگ، فیصل آباد، سرگودھا)
مکرم قمر احمد شیراز صاحب فون: 0333-6701710
president-rabwah@aacp.info

2۔ لاہور۔ مکرم مسرور احمد ساجد صاحب
فون: 0300-8459643
president-lhr@aacp.info

3۔ اسلام آباد۔ مکرم رفیق احمد وڑائچ صاحب
فون: 0333-5217889
president-isb@aacp.info

4۔ واہ کینٹ۔ مکرم عطرش اسلم صاحب
فون: 0333-5339245
president-wcantt@aacp.info

5۔ راولپنڈی۔ مکرم فاتح احمد صاحب
فون: 0333-5575859
president-rwp@aacp.info

6۔ کراچی۔ مکرم سید مبارک احمد صاحب۔
فون: 0333-2116945
president-khi@aacp.info

اس کے علاوہ دوسری جگہوں کے خواتین و حضرات ممبر شپ اور معلومات کیلئے جنرل سیکرٹری سنٹرل سے درج ذیل پتہ پر رابطہ فرمائیں۔ مکرم کلیم احمد قریشی صاحب معرفت کمپیوٹر سیکشن صدر انجمن احمدیہ ربوہ ای میل gs@aacp.info فون: 0333-6714339

(چیئر مین AACP)

تبصرہ

ایاز محمود

سیرت وسوانح حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب

مصنف: کریم احمد نعیم صاحب
ترتیب وتدوین: حنیف احمد محمود صاحب
ناشر: ڈاکٹر اے ایم صدیقی صاحب
مطبع: بلیک ایرو پرنٹر۔ لاہور
صفحات: 600

حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب پٹیالوی کو حضرت مسیح موعود کے قریبی رفقاء میں شامل ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ 1905ء میں حضرت ڈاکٹر صاحب حضرت مسیح موعود کے جاں نثار خدام میں شامل ہوئے۔ آپ وہ ممتاز اور منفرد شخصیت ہیں جنہیں حضرت مسیح موعود کے مثیل سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی 1919ء سے 1965ء تک یعنی مسلسل 47 سال تک بطور خصوصی معالج خدمت بجالانے کی سعادت عطا ہوئی۔ بلاشبہ آپ ہی وہ ہستی ہیں جن کو ایوان خلافت کے ''شاہی طبیب'' ہونے کا قابل رشک اور یادگار اعزاز حاصل ہے۔

حضرت ڈاکٹر صاحب کی سیرت وسوانح بنام ایاز محمود ان کے بیٹے ڈاکٹر محمد احمد خان صاحب مرحوم کی محنت سے حضرت ڈاکٹر صاحب کی وفات کے کچھ عرصہ بعد چھوٹی چھوٹی چھ جلدوں میں چھپ گئی تھی۔ اس کتاب میں تمام حالات زندگی و واقعات جو اکثر و بیشتر ڈاکٹر صاحب کے خود نوشتہ تھے اور سلسلہ کے لٹریچر، اخبارات ورسائل میں چھپتے رہے تھے۔ اکٹھے کر دیئے گئے تھے لیکن بوجوہ یہ کتاب دوبارہ نہ چھپ سکی۔ حضرت ڈاکٹر صاحب کی سیرت وسوانح اضافوں کے ساتھ اب حال ہی میں ایک جلد میں مرتب ہو کر منظر عام پر آئی ہے۔

مکرم حنیف احمد محمود صاحب نے اس کتاب کی پروف ریڈنگ، تدوین، تزئین اور اشاعت کے فرائض کماحقہٗ ادا کئے۔ 18 ابواب میں تقسیم چھ صد صفحات کی اس کتاب میں حضرت ڈاکٹر صاحب کا خاندانی پس منظر، پیدائش، تعلیم، ڈاکٹری کی تعلیم اور ملازمت، خلافت ثانیہ کے واقعات اور گرانقدر خدمات سلسلہ پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے۔

حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب کے پڑدادا مکرم احمد خان صاحب سر بند شہر میں سکونت پذیر تھے۔ 1857ء کے پُرآشوب زمانے کے قریب پہلے سیف آباد اور وہاں سے پٹیالہ منتقل ہو گئے۔ حضرت احمد خان کے فرزند کا نام مولیٰ بخش تھا۔ حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ جنہوں نے 13 برس اپنے دادا حضرت مولیٰ بخش کے سایہ عاطفت میں گزارے بیان کرتے ہیں کہ ہمارے دادا علم دوست اور نماز باجماعت کے پابند تھے۔

حضرت رحیم بخش کے ہاں حضرت ڈاکٹر صاحب کی پیدائش 1887ء میں بمقام پٹیالہ ہوئی۔ تین سال تک ڈاکٹر صاحب نے قرآن کریم اور پھر اردو فارسی کی تعلیم حاصل کی۔ 9 سال کی عمر میں آپ مدرسہ میں داخل ہوئے اور 1907ء میں میٹرک پاس کیا۔ 12 جون 1912ء کو میڈیکل کی تعلیم مکمل کی اور پٹیالہ کے ایک بڑے ہسپتال میں متعین ہو گئے۔ آپ کو حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے بہت قریب رہنے کا موقع ملا۔ آپ 2 فروری 1919ء کو نور ہسپتال قادیان کے میڈیکل آفیسر انچارج مقرر ہوئے اور 1954ء تک اس عہدہ پر خدمات سرانجام دیں، حضرت خلیفہ ثانی کے ساتھ تقریباً تمام سفروں میں آپ تشریف لے جاتے رہے۔ حتیٰ کہ 1924ء اور 1955ء کے یورپ کے دو سفروں میں بھی حضرت ڈاکٹر صاحب حضرت خلیفہ ثانی کے ساتھ رہے۔ آپ کی وفات مورخہ 13/اپریل 1967ء کو ربوہ میں ہوئی اور بہشتی مقبرہ کے قطعہ رفقاء میں آپ آسودہ خاک ہیں۔

حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب کی سیرت و سوانح پر مشتمل یہ کتاب آج کی نسل کے لئے نشان منزل اور قابل تقلید ہے۔ دینی محبت وغیرت سے لبریز حضرت ڈاکٹر صاحب کے دلچسپ واقعات اس کتاب کو چار چاند لگا دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب کی تدوین، تالیف اور اشاعت کے مراحل طے کرنے والی ٹیم کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ جن کی کاوشوں سے یہ کتاب ایک بار پھر منظر عام پر آ گئی ہے۔ (ایف شمسؔ)

ہڈیوں کا فری ٹیسٹ

❁ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کے زیر انتظام نور العین دائرۃ الخدمت الانسانیہ میں مورخہ 2 دسمبر 2006ء کو مرکز عطیہ خون میں فری کیمپ کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ جس میں ہڈیوں کی مضبوطی کا ٹیسٹ کیا جائے گا۔ ٹیسٹ 9 بجے شروع ہوگا اور پہلے آنے والے 100 خواتین وحضرات کا ٹیسٹ کیا جائے گا۔ مختصر دورانیہ کا ٹیسٹ ایک مشین اور کمپیوٹر کے ذریعے کیا جاتا ہے۔

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

درخواست دعا

❁ مکرم منیر احمد صاحب کارکن دفتر روزنامہ الفضل اور ان کے چھوٹے بھائی مکرم انور احمد تبسم صاحب کارکن مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان دل کی تکلیف میں مبتلا ہیں۔ اور دونوں احباب فضل عمر ہسپتال ربوہ میں زیر علاج ہیں احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو شفائے کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

وعدہ جات اور وصولی

❁ سیدنا حضرت مصلح موعود نے تحریک جدید کے ایک سال نو کا اعلان فرماتے ہوئے فرمایا:۔

''اس تمہید کے بعد میں تحریک جدید کے نئے سال کے چندہ کا اعلان کرتا ہوں اور تحریک کرتا ہوں کہ دوست زیادہ سے زیادہ اس میں چندہ لکھوائیں اور پھر اسے جلد ادا کرنے کی کوشش کریں تا کہ پچھلا بوجھ بھی اترے اور آئندہ سال (دعوت الی اللہ) کا کام بہتر طور پر ہو سکے اور خدام اور انصار کے ذمہ لگاتا ہوں کہ وہ سارے دوستوں میں تحریک کر کے زیادہ سے زیادہ وعدے جلد سے جلد بھجوائیں اور خدا کرے کہ نومبر کے آخر تک ان کو وعدوں کی لسٹیں پورا کرنے کی توفیق مل جائے اور دسمبر کے آخر میں تحریک جدید یہ اعلان کر سکے کہ اس کی ضرورتیں پوری ہو گئی ہیں۔''

(سبیل الرشاد صفحہ 210)

مذکور بالا ارشاد میں ادائیگی کیلئے حضور نے ''جلد'' کا لفظ استعمال فرمایا ہے جو فاستبقو الخیرات کی تعلیم پر مبنی ہے۔ اندریں صورت ادائیگی کیلئے اگرچہ ایک سال کی مدت ہوتی ہے۔ لیکن ثواب کے اضافہ اور تحریک جدید کی ضرورتوں کے پیش نظر اولین موقع پر چندہ ادا کرنا مناسب ہوتا ہے۔

(مرسلہ: وکیل المال اول تحریک جدید)

فہرست نماز جنازہ حاضر وغائب

❁ مکرم منیر احمد صاحب جاوید پرائیویٹ سیکرٹری لندن تحریر کرتے ہیں کہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 25 نومبر 2006ء قبل نماز ظہر بیت فضل لندن میں درج ذیل افراد کی نماز جنازہ حاضر وغائب پڑھائی۔

نماز جنازہ حاضر

مکرم محمد ابراہیم صاحب وڑائچ

مکرم محمد ابراہیم صاحب وڑائچ ربوہ جلسہ سالانہ انگلستان پر آئے تھے اور یہاں اپنے بیٹے کے پاس رہائش پذیر تھے اور 23 نومبر کو واپسی کا پروگرام تھا کہ 21 نومبر 2006ء کو اچانک ہارٹ اٹیک سے وفات پا گئے۔ مرحوم موصی تھے نہایت نیک دعا گو اور مخلص انسان تھے پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ ایک بیٹی اور 6 بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔

نماز جنازہ غائب

(1) مکرم محمد کویا صاحب

مکرم محمد کویا صاحب کیرلہ۔ انڈیا 10 جون کو بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ مرحوم نیوی میں ملازم تھے وہاں سے ریٹائر ہونے کے بعد مقامی ہسپتال میں بطور کمپاؤنڈر ملازمت اختیار کی۔ نہایت مخلص دیندار، تقویٰ شعار، خدمت گزار انسان تھے آپ نے دو مرتبہ اپنی جماعت میں صدر کے طور پر خدمت کی توفیق پائی۔ ان کے ایک بیٹے مکرم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صاحب کویا، گیمبیا کے احمدیہ ڈینٹل ہسپتال میں خدمت کی توفیق پا رہے ہیں۔

(2) مکرم محمد لطیف صاحب

مکرم محمد لطیف صاحب ہائیڈل برگ جرمنی تین ہفتوں کی شدید علالت کے بعد 21 نومبر کو ہائیڈل برگ میں 89 سال کی عمر میں وفات پا گئے مرحوم نہایت صابر، شاکر، مالی قربانیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والے، مخلص انسان تھے۔ بیس سال سے جرمنی میں مقیم تھے پسماندگان میں چار بیٹیاں اور چار بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔ جن میں سے ایک بیٹا مکرم مبشر احمد صاحب طاہر جرمنی کے بادن ریجن کے امیر ہیں۔ مرحوم مکرم جلال شمس صاحب مربی سلسلہ جرمنی اور مکرم منیر احمد جاوید صاحب پرائیویٹ سیکرٹری کے بڑے ماموں تھے۔

(3) مکرم نصیر احمد صاحب سیالکوٹی

مکرم نصیر احمد صاحب سیالکوٹی ابن مکرم بشیر احمد صاحب سیالکوٹی دارالصدر جنوبی ربوہ 21 نومبر کو ہارٹ اٹیک سے 55 سال کی عمر میں ربوہ میں وفات پا گئے۔ مرحوم نے خدام الاحمدیہ میں مختلف حیثیت سے خدمت کی توفیق پائی۔ نیک، مخلص، ملنسار اور باوفا انسان تھے۔ مرحوم حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی لندن ہجرت کے بعد جلسہ سالانہ انگلستان میں شمولیت کیلئے ہر سال یوکے آتے رہے۔ 1996ء کے جلسہ کے بعد جرمنی سے واپس آتے ہوئے ائیر پورٹ پر آپ کو برین ہیمبرج فالج اور دل کا شدید اٹیک ہوا مگر اللہ کے فضل اور حضور کی دعاؤں سے آپ کو معجزانہ شفاء عطا ہوئی۔ پسماندگان میں ایک بیٹی اور 3 بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔ مرحوم مکرم ظہور احمد صاحب مربی سلسلہ دفتر پرائیویٹ سیکرٹری کے سب سے بڑے بھائی اور مکرم سراج الدین صاحب کارکن لنگر خانہ یوکے کے داماد تھے۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین سے مغفرت کا سلوک فرماتے ہوئے ان کے درجات کو بلند فرمائے اور لواحقین کا ان کے بعد خود نگہبان ہو۔ آمین

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی حسین یادیں

احباب جماعت سے پیار اوران کی خوشیوں میں شرکت کے دلکش انداز

تبرک دے دیا

محترم محبوب عالم خالد صاحب کو کچھ عرصہ حضور کا پرائیویٹ سیکرٹری رہنے کا شرف حاصل ہوا۔اس عرصہ میں پیش آمدہ واقعات کا ذکر کرتے ہوئے آپ تحریر کرتے ہیں۔

پہلے اتوار کے روز اور پھر جمعرات کے روز دوست کثرت سے ملنے کے لئے تشریف لاتے۔ ملاقاتوں کے درمیان وقفہ میں حضرت بیگم صاحبہ حضور کے لئے دودھ اور کیلے ناشتے کے لئے بھجوا دیتیں۔ حضور اس میں سے تبرکاً اس خاکسار کو بھی عنایت فرمادیتے۔ایک دفعہ گلاس میں سے آدھا دودھ پیا اور باقی دودھ خاکسار کو عطا فرمایا۔ایک دفعہ نصف کیلا کھایا اور باقی خاکسار کو تبرک دے دیا۔

حضور نے خاکسار کو اپنی گرم اچکن عطا فرمائی اس وقت خاکسار پرائیویٹ سیکرٹری تھا۔کچھ عرصہ کے بعد بیت اقصیٰ سے نماز جمعہ کے بعد واپس آرہے تھے تو میں نے راستے میں عرض کی کہ حضور نے جو اچکن عطا فرمائی تھی۔وہ اب پھٹ رہی ہے۔فرمایا تم یوں ہی کہتے ہو کل مجھے لاکے دکھاؤ۔جب گھر پہنچے۔کار سے اترے فرمایا ٹھہرو میں تمہیں ایک اور اچکن دیتا ہوں۔ گھر میں تشریف لے گئے اور خاکسار کے لئے ایک اور گرم اچکن لے آئے اور مجھے دی۔

(سیدنا ناصر نمبر ماہنامہ خالد ربوہ ص226)

ماتحتوں کی تکلیفوں کا احساس

محترم محبوب عالم خالد صاحب تحریر کرتے ہیں:۔

حضور اپنے خدام کا کس درجہ خیال رکھتے اس کے لئے ایک واقعہ عرض کرتا ہوں۔جلسہ سالانہ کے قریب حضور اکثر اس ناچیز خادم کو رات کے وقت یاد فرما لیتے رات گئے تک ساتھ رکھتے تھے اور کام میں مصروف رہتے۔

1981ء کے جلسہ سالانہ پر خاکسار کی صحت کی کمزوری کے پیش نظر حضور نے ایک دن فرمایا تم رات کو کتنے بجے سوتے ہو۔عرض کیا خاکسار تو نماز عشاء کے بعد ہی لیٹ جاتا ہے۔فرمایا اچھا چند دن تمہارے لئے نماز عشاء کے بعد کھانا نہیں کھاؤں گا تا کہ تمہیں زیادہ دیر نہ ہو جائے۔نماز عشاء پڑھتے ہی تم آجایا کرو۔ہم کام شروع کر دیا کریں گے اور پھر کھانا اس وقت کھاؤں گا۔جب رات کو کام سے فارغ ہوں گا۔ ان ایام میں حضور اکثر ساڑھے بارہ بجے شب کے بعد تشریف لے جا کر شام کا کھانا تناول فرمایا کرتے تھے۔خود تکلیف اٹھاتے مگر اس عاجز خادم کو تکلیف نہ ہونے دیتے۔اللہ اللہ آپ کس قدر خلق عظیم کے مالک تھے۔(سیدنا ناصر نمبر ماہنامہ خالد ربوہ ص229)

محبت بھری آواز کی لذت

محترم مولانا سلطان محمود صاحب انور تحریر کرتے ہیں:۔

خاکسار کی آخری ملاقات پیارے آقا سے 19 مئی 1982ء کو ربوہ میں ہوئی اور یہ ملاقات کئی پہلو سے میرے لئے تاریخی حیثیت کی حامل تھی۔پیارے آقا نے نہایت پیار شفقت اور احسان کا سلوک فرماتے ہوئے شرف ملاقات سے نوازا۔اس کے بعد آپ اسلام آباد تشریف لے گئے تھے۔خاکسار کو آپ سے بات کرنے کی آخری سعادت اس کے بعد نصیب ہوئی۔جبکہ کراچی سے خاکسار نے اسلام آباد فون کیا۔ محترم صاحبزادہ مرزا لقمان احمد صاحب نے فون اٹھایا۔خاکسار نے پیدروآباد (سپین) کی بابت بعض معلومات حاصل کرنا چاہیں تو محترم صاحبزادہ صاحب موصوف نے میرے آقا کی خدمت میں جا کر عرض کیا۔جس پر حضور نے بنفس نفیس ٹیلیفون پر خاکسار سے جو گفتگو فرمائی اس کا ایک فقرہ محبت پیار اور انتہائی شفقت سے لبریز میری یادداشت میں نگینہ بن کر محفوظ رہے گا۔خاکسار کے عرض کرنے پر کہ پیدروآباد کی Location کی بابت معلومات درکار ہیں۔تو جواباً نہایت گہرے انداز محبت سے فرمایا کیوں! کیا پیدل جانے کا ارادہ ہے؟ اس فقرے کی لذت کا اندازہ میرے سوا کوئی نہیں کرسکتا۔کیونکہ آپ کے محبت کے سمندر کی یہی تو شان تھی کہ روئے زمین پہ پھیلے ہوئے ایک کروڑ احمدیوں میں سے ہر ایک یہی یقین رکھتا تھا کہ جو شفقت اور پیار مجھے اپنے آقا سے مل رہا ہے۔ اس کی مثال کسی اور میں نہیں پائی جاتی اور نہ ہی دوسرا اس کی لذت کا اندازہ کرسکتا ہے۔ٹیلیفون پہ آخری بات میں شاید یہ الٰہی اشارہ بھی تھا کہ اب اس محبت بھری آواز کی لذت کانوں میں تو گونجتی رہے گی مگر اس حسین اور منور چہرہ کو آنکھوں سے دیکھ نہ پاؤ گے۔

(سیدنا ناصر نمبر ماہنامہ خالد ربوہ ص239)

گھبراہٹ دور ہوگئی

محترم صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب ایڈووکیٹ ابن صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب اپنی یادیں تحریر کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں:۔

مجھے اب تک یاد ہے۔1971ء میں حضور اسلام آباد میں قیام پذیر تھے۔میں بھی حضور کے گھر میں ہی ٹھہرا ہوا تھا مجھے ٹائیفائڈ ہو گیا اور بخار 107,106 تک پہنچ جاتا تھا۔حضور دفتر آتے جاتے میرا حال پوچھ کر جاتے۔ایک دن میری طبیعت بہت زیادہ خراب تھی۔بخار کی شدت کے ساتھ شدید گھبراہٹ بھی تھی۔ میں نے خالہ امی سے کہا کہ حضور سے درخواست کردیں کہ مجھے آکر دم کردیں۔چنانچہ حضور ازراہ شفقت تشریف لائے اور میرے سینے پر ہاتھ رکھ کر دعا کی اور مجھے ایک دم سکون محسوس ہوا اور تمام گھبراہٹ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ختم ہوگئی۔اس واقعہ کے دو تین دن کے بعد حضور سے ملاقات کے لئے پاکستان کے ایک مشہور ڈاکٹر تشریف لائے۔جب ملاقات کے بعد وہ واپس جانے لگے تو حضور نے ازراہ شفقت میری بیماری کا ڈاکٹر صاحب سے ذکر کیا اور ان کو لے کر میرے کمرے میں آئے اور میرا معائنہ کروایا۔

(سیدنا ناصر نمبر ماہنامہ خالد ربوہ ص243,242)

عزیزوں کی خوشیوں میں شرکت

محترم صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب ایڈووکیٹ ابن صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب ذکر کرتے ہیں:۔

لوگوں کی خوشیوں میں ضرور شریک ہوتے۔خواہ کیسے تعلقات ہوں یا کیسے ہی حالات ہوں۔اگر کسی وجہ سے شامل نہ ہوسکتے تو دعاؤں بھرا پیغام بھجوا دیتے۔ مجھ سے ایک احمدی خاتون نے ذکر کیا کہ حضور کسی وجہ سے مجھ سے کچھ ناراض تھے۔میں ملنے کے لئے گئی تو فرمایا تم سے تو ناراض ہوں لیکن تمہارے بچوں کی خوشیوں میں انشاء اللہ ضرور شریک ہوں گا۔چنانچہ نہ صرف ان کی بچی کی شادی میں شرکت کی بلکہ رشتہ کروانے میں بھی بہت زیادہ دلچسپی لی۔یہ تھا حسن سلوک۔(سیدنا ناصر نمبر ماہنامہ خالد ربوہ ص243)

میں بھائی کی خوشی میں ضرور شامل ہوں گا

محترم صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب ایڈووکیٹ ابن صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب عزیزوں سے شفقت کا یہ واقعہ بھی ذکر کرتے ہیں کہ

جب حضور کی پہلی بیگم (حضرت خالہ امی) شدید بیمار تھیں۔ان کی وفات سے چار دن قبل ہمارے چچا مرزا رفیع احمد صاحب کی بچی کی شادی تھی۔شادی کے وقت خالہ امی نزع کی حالت میں تھیں۔حضور ان کی بیماری کے دوران اپنے کمرے سے باہر نہیں آئے لیکن چچا کو کہلوا بھیجا کہ رخصتی کے وقت دلہن دلہا کو قصر خلافت لے آنا۔چنانچہ چچا دلہن دلہا کو قصر خلافت لائے۔حضور ازراہ شفقت اپنے کمرہ سے ڈرائنگ روم میں تشریف لائے اور کافی دیر ان کے پاس بیٹھے رہے۔دعا کروائی اور پھر دروازے تک (ڈرائنگ روم کے) چھوڑنے گئے۔

کیسے حالات تھے۔وفا شعار، خدمت گزار، انتہائی درجہ تک پیار کرنے والی زوجہ شدید بیمار، بستر مرگ پر، ہر لمحہ الوداع کہہ رہا ہے۔ہر سانس آخری سانس۔بچے پریشان، سسکیاں ہی سسکیاں، لیکن کہا میں بھائی کی خوشی میں ضرور شامل ہوں گا۔بچی کو خود رخصت کروں گا۔خود دعائیں دوں گا۔یہ میری بھی تو بچی ہے۔غرضیکہ دوسروں کی خوشیوں میں اپنے غم، اپنے دکھ بھلا کر مسکراتے ہوئے شرکت فرماتے۔

(سیدنا ناصر نمبر ماہنامہ خالد ربوہ ص243)

دل کا حلیم

محترم مجیب الرحمٰن صاحب ایڈووکیٹ راولپنڈی لکھتے ہیں:۔

حضور اپنے خدام سے نہایت شفقت سے پیش آتے تھے اور طبیعت میں حلم بہت تھا۔ایک مرتبہ کسی قانونی مسئلہ پر غور ہو رہا تھا۔حضور اسلام آباد میں تھے۔ مجھے طلب فرمایا اور رات گئے تک مختلف حوالہ جات ملاحظہ فرما کر بعض باتیں مسودہ کے رنگ میں لکھواتے گئے۔آئندہ روز لاہور سے برادرم مبشر لطیف احمد صاحب اور برادرم مرزا نصیر احمد صاحب جو معاملہ کی پیروی کر رہے تھے حاضر ہونے والے تھے اور ان کے آنے پر دوبارہ مسودہ پر غور ہونا تھا۔اگلے روز دونوں دوست آگئے۔حضور نے نماز عصر کے بعد ملاقات کا وقت مقرر فرمایا۔جب حضور کی خدمت میں حاضری کا وقت قریب آیا تو مجھے دفعتاً خیال آیا کہ رات کو جو کچھ حضور نے مسودہ کے رنگ میں لکھوایا تھا وہ کاغذات میں کہیں رکھ کر بھول چکا تھا۔سخت پریشانی ہوئی کہ آج نجانے کیا ہو۔تھوڑی ہی دیر میں حضور نے طلب فرمالیا اور ہم تینوں حاضر ہوگئے۔کام شروع ہوا تو حضور نے فرمایا "ہاں، کہاں ہیں وہ کاغذات جو رات کو لکھوائے تھے"۔میں نے عرض کیا حضور وہ تو میں کہیں بھول گیا۔ ہم سب سہمے ہوئے تھے کہ نہ جانے اب کیا ہو اور کیسی ڈانٹ پڑے اور میرا یہ عالم کہ کاٹو تو لہو نہیں۔مگر حضور نے صرف اس قدر فرمایا لاحول ولا قوۃ۔تین گھنٹے کی محنت ضائع کردی اور پھر اسی بشاشت اور خندہ پیشانی سے دوبارہ لکھوانا شروع کردیا۔کسی غصے اور رنج کا اظہار حضور کی طرف سے نہیں ہوا۔اس رات میں نے حضور کے اخلاق عالیہ میں حضرت مسیح موعود کے اخلاق عالیہ کا نقشہ دیکھا۔

(سیدنا ناصر نمبر ماہنامہ خالد ربوہ ص283)

برکت حاصل کرلو

مکرم حیدر علی ظفر صاحب مربی جرمنی لکھتے ہیں:۔

فروری 1982ء کا ایک حسین دن تھا جس کی پیاری یاد ساری زندگی میرے دل پر نقش رہے گی۔ جس کو یاد کر کے عمر بھر ایک ناقابل بیان لذت، راحت اور سرور حاصل کرتا رہوں گا۔

پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ربوہ سے باہر تشریف لے جانے والے تھے خاکسار اپنی اہلیہ اور بچوں کے ہمراہ حضور کے دائیں جانب دوسرے صوفہ پر بیٹھ گیا۔میری بچی قرۃ العین اس وقت میری گود میں

تھی اور پسرم احمد بلال جس نے اس وقت بمشکل چلنا شروع کیا تھا حضور کے قریب آیا اور آپ کے پیارے ہاتھوں کو چھونے لگا۔

حضور نے حضرت مسیح موعود کی الیس اللہ والی انگوٹھی پہنی ہوئی تھی عزیزم کی اس طفلانہ حرکت پر پیارے آقا نے کمال شفقت ومحبت سے اپنے ہاتھوں کو اس کی طرف دلجوئی کی خاطر اور نیچے کر دیا اور تین مرتبہ فرمایا:۔

''برکت حاصل کرلو، برکت حاصل کرلو، برکت حاصل کرلو۔ یہ حضرت مسیح موعود کی انگوٹھی ہے''۔

مجھے یقین کامل ہے کہ رب دوجہاں اپنے پیارے بندے کے منہ سے نکلے ہوئے الفاظ کو ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے گا اور حضرت مسیح موعود کی برکت سے اس بچہ کو بھی بہت سی برکات سے نوازے گا۔ انشاء اللہ جس پیار اور شفقت سے حضور نے یہ الفاظ ارشاد فرمائے وہ مجھے اپنی ساری زندگی کے سرمایہ سے زیادہ عزیز اور افضل ہیں اور میرے دل کی دولت ہیں جن کی یاد مجھے ہمیشہ کیف وسرور کی لذت سے ہمکنار کرتی رہے گی۔

(سیدنا ناصر نمبر ماہنامہ خالد ربوہ ص 294,293)

محبت سے اصلاح کی

مکرم حسن محمد خان صاحب عارف کینیڈا لکھتے ہیں:۔

1980ء کی بات ہے کہ مجھے اسلام آباد سے ایک خط موصول ہوا کھولا تو دیکھا کہ حضور کا ہی خط ہے عبارت یوں تھی۔

''امید ہے آپ بخیریت ہوں گے۔ کتاب ''منہاج الطالبین'' کے انگریزی ترجمے کو اشاعت کے لئے ٹائپ کرنا ہے آپ اس کام کے لئے کچھ وقت نکالیں اور ثواب میں شامل ہوں۔ مسودہ مکرم میاں محمد ابراہیم صاحب کے پاس ہے وہ آپ سے رابطہ کریں گے۔ خداتعالیٰ آپ کو فضلوں سے نوازے''۔ آمین

والسلام۔ مرزا ناصر احمد

اس خط پر 24-2-80 کی تاریخ ہے حضور کو علم تھا کہ میں اچھا ٹائپ کرتا ہوں اس لئے مجھ حقیر کو یاد فرمایا میں نے یہ مسودہ دو دن میں ٹائپ کرکے حضور کی خدمت میں پیش کر دیا اور مجھے یہ دیکھ کر بڑی خوشی ہوئی کہ حضور نے اسے پسند فرمایا اور میری بڑی حوصلہ افزائی کی اسی طرح 1978ء میں حضور کے پاس امریکہ سے ایک کتاب آئی تو اسے پڑھ کر مجھے بلوایا۔ میں حاضر ہوا تو فرمایا یہ کتاب لے جاؤ اس کا فلاں باب ٹائپ کردو۔ میں نے عرض کیا کہ بہت اچھا میں باہر جا رہا تھا تو پھر بلایا کہ کتنی دیر تک یہ مضمون مجھے مل جائے گا میں نے عرض کیا کہ جب حضور فرمائیں تو ارشاد فرمایا۔ آج شام 5 بجے تک۔ میں نے عرض کیا کہ 5 بجے حضور کی خدمت میں یہ پیش کر دیا جائے گا، میں ٹائپ کرکے حضور کی خدمت میں پیش کرنے کے لئے لے گیا۔ حضور خود باہر تشریف لائے اور فرمایا کیسے آئے ہو میں نے عرض کیا مضمون لایا ہوں۔ حضور بہت خوش ہوئے اور بڑی محبت سے فرمایا:

''جزاکم اللہ احسن الجزاء۔ اتنی جلدی تو مجھے امید نہیں تھی لیکن ضرورت بہت جلدی تھی''۔

غریب سے غریب دوست سے ملنا کبھی عار نہ سمجھا۔ ہمیشہ چہرہ پر مسکراہٹ ہی دیکھی۔ بعض اوقات محسوس کیا کہ کوئی غلطی ہوگئی ہے اور شاید اب حضور ناراض ہوں گے لیکن ہمیشہ جب بھی خدمت عالی میں حاضر ہوا ہمیشہ محبت سے پیش آئے اور غلطی پر ڈانٹ ڈپٹ اور ناراضگی کی بجائے محبت سے سمجھایا، محبت سے اصلاح کی۔ میں نے محبت کے سوا کچھ نہ پایا۔

(ماہنامہ خالد ربوہ سیدنا ناصر نمبر ص 294)

بے تکلفی کا عجیب منظر

چوہدری احمد جان صاحب سابق امیر ضلع راولپنڈی لکھتے ہیں:۔

حضور اکثر فرمایا کرتے تھے ما انا من المتکلفین اور واقعی حضور کی زندگی تکلف سے پاک تھی اور اس ارشاد کا عملی نمونہ اکثر دیکھنے میں آتا۔ گرمیوں کے موسم میں حضور مری یا ایبٹ آباد تشریف لایا کرتے تھے۔ بھوربن ریسٹ ہاؤس حضور کو بہت پسند تھا۔ اس میں وسیع لان بھی تھا۔ لوگوں کی آمدورفت بھی کم ہوا کرتی تھی۔ میں اور چوہدری منور احمد صاحب قریباً روزانہ ہی پنڈی سے وہاں حاضر خدمت ہوا کرتے تھے۔ وہاں پنڈی کی مجلس عاملہ کا اجلاس بھی بلایا جماعتی کاموں کا جائزہ لیا اور ہدایات سے نوازا۔

ایک روز خاکسار وہاں ایسے وقت حاضر ہوا کہ کھانے کا وقت جلد ہوگیا۔ میں اپنا پرہیزی کھانا ہمراہ لے گیا تھا۔ حضور کو اس کا علم ہوا فرمایا آؤ ہمارے ساتھ کھانا کھاؤ۔ میں حاضر ہوا۔ حضور نے نہایت شفقت سے مجھے اپنے پاس بٹھایا۔ صاحبزادگان میز کے اردگرد کھڑے تھے اپنا کھانا نہایت محبت سے مجھے کھلایا اور فرمایا لاؤ تمہارا کھانا کدھر ہے اسے بھی چکھا اور شفقت سے محو گفتگو بھی رہے۔

پھر ایک دفعہ کسی دورے سے واپسی ربوہ مجھے بھی کسی میٹنگ میں شمولیت کے لئے آنا تھا۔ فرمایا ہمارے ساتھ ہی کار میں چلے چلو۔ لیکن ساتھ ''دوپڑ'' اور اچار لیتے چلنا تعمیل ارشاد کی گئی راستہ میں ایک درخت کے نیچے بیٹھ کر سب کے ساتھ اچار کے ساتھ ناشتہ کیا۔ حضور کو اچار پسند تھا۔ بے تکلفی کا عجیب منظر تھا۔ (سیدنا ناصر نمبر ماہنامہ خالد ربوہ ص 299)

ابا حضور یاد کر رہے ہیں

محترم کرنل داؤد احمد صاحب ابن حضرت مرزا شریف احمد صاحب تحریر کرتے ہیں:۔

میرا ایک نواسہ طارق نوری جس کی عمر چھ سال ہے ولایت میں حضور سے ملا کرتا تھا اور کہا کرتا تھا ابا حضور میرے فرینڈ ہیں۔ حضور اس سے بہت پیار کیا کرتے تھے۔ ربوہ آیا حضور کے ہاتھ کو بوسہ دیا اور پاس بیٹھ گیا کہنے لگا! ابا حضور لندن میں آپ کے کمرے میں سیب اور چاکلیٹ ہوا کرتے تھے۔ حضور مسکرائے اور آواز دی اور کہا منصورہ بیگم! لو اس کو چاکلیٹ لا کر دو۔

اس بچے کو حضور سے بہت پیار تھا۔ جب حضور کی وفات ہوئی۔ جسد مبارک ربوہ لایا گیا۔ تو گھنٹوں آپ کے تابوت کے سامنے کھڑا رہا۔ ایک دن دو اڑھائی بجے رات کو چارپائی پر بیٹھا ہوا تھا۔ ڈاکٹر نوری نے پوچھا۔ سوتے کیوں نہیں۔ کہا ''ابا حضور یاد آرہے ہیں''۔ یہ تھا محبت کا جادو جو چھ سال کے بچے کے دل میں بھی گھر کر گیا تھا۔

(سیدنا ناصر نمبر ماہنامہ خالد ربوہ ص 96)

مقناطیسی کشش

محترم کرنل داؤد احمد صاحب ابن حضرت مرزا شریف احمد صاحب تحریر کرتے ہیں:۔

آپ بچوں سے بے حد شفقت فرماتے تھے۔ بچے بھی جیسے لوہا مقناطیس کی طرف کھینچا جاتا ہے ان کی طرف کھنچے چلے جاتے تھے۔ میرے نواسے جب بھی ربوہ جلسہ یا عید پر آتے تو بڑے اہتمام سے تیاری کرکے ملاقات کے لئے جاتے اور کبھی بھی بغیر ملے اور اجازت لئے رخصت نہ ہوتے۔ ایک دفعہ واپس جاتے ہوئے والدین نے کہا کہ اب ملنے کا وقت نہیں۔ ہم نے جہاز پر سوار ہونا ہے بچے نے صاف انکار کر دیا اور کہا کہ میں پھر بعد میں آجاؤں گا۔ بچوں کو عیدی اور جلسی (بہ وزن عیدی) ضروری دیتے تھے۔ (یعنی جلسہ سالانہ پر آنے کا انعام) بچوں کے لئے ہاتھ بڑا کھلا۔ ان کے ہوتے ہوئے جیب میں ہاتھ رہتا تھا۔ پچاس اور سو سے کم نوٹ نہیں ہوتا تھا۔ اتنی بچوں کی نازبرداری تھی۔ میرے ایک نواسے کو کہا اپنے والد کو کہو کہ میں حکم دیتا ہوں کہ تمہیں جرمنی سے Air Gun لاکر دے۔ ایئرگن کے لانے میں کچھ دیر ہوگئی۔ بچے نے مجھے لکھا کہ ابا حضور کو کہہ دیں کہ میری ایئرگن نہیں آئی۔ آخرکار ایئرگن آئی تو والد صاحب کی خلاصی ہوئی۔ ہر چھوٹی سے چھوٹی بات کے لئے اس شفیق باپ کے پاس بچوں کے لئے وقت تھا اور دروازے کھلے تھے۔

(سیدنا ناصر نمبر ماہنامہ خالد ربوہ ص 95,94)

شفیق اور رحم دل

مکرم محمود احمد بشیر صاحب سابق امیر جماعت جھنگ لکھتے ہیں:۔

میرے محبوب آقا سیدنا حضرت مرزا ناصر احمد خلیفۃ المسیح الثالث بہت ہی شفیق اور رحم دل تھے۔ 1965ء میں خاکسار بہت شدید بیمار ہوا۔ میرے دوست اور کلاس فیلو مکرم شیخ مبارک محمود صاحب پانی پتی نے حضور کی خدمت اقدس میں خاکسار کے لئے درخواست دعا کی۔ حضور نے ارشاد فرمایا کہ محمود کو کہیں ربوہ فوراً آجائیں دعا بھی ہوگی اور دوا بھی ہوگی۔ رہائش کا بندوبست بھی یہاں ہی ہوگا۔ مکرم شیخ مبارک محمود صاحب نے مجھے اطلاع دی تو خاکسار نے انہیں اطلاع دی کہ بھئی میں تو چلنے پھرنے سے بھی عاری ہوں پتہ نہیں انتخاب خلاف کے وقت کیسے پہنچا تھا۔ مکرم مبارک محمود صاحب نے حضور کی خدمت میں میری لاچاری کی اطلاع دی۔ حضور نے اس ناچیز اور عاجز انسان کو فوراً بذریعہ ڈاک دوا بھجوائی اور حضور نے دعا بھی کی۔

محض خداتعالیٰ کے فضل وکرم سے اور حضور کی شفقت اور دعاؤں کے طفیل میں صحت یاب ہوگیا۔ حقیقتاً خاکسار کو تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اب زندگی ختم ہوا چاہتی ہے۔ (سیدنا ناصر نمبر ماہنامہ خالد ربوہ ص 295)

دوستی کا لحاظ

مکرم چوہدری ظہور احمد باجوہ صاحب تحریر فرماتے ہیں:۔

1955ء میں انگلستان سے واپسی پر میری تقرری صدر انجمن احمدیہ میں ہوئی۔ صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب تعلیم الاسلام کالج کے پرنسپل ہونے کے ساتھ صدر انجمن احمدیہ کے صدر بھی تھے۔ دفتری امور میں ان سے واسطہ رہتا۔ ایک دن میرے ایک انتہائی گہرے دوست کا خط لے کر اس کا بھائی آگیا۔ کالج میں داخلے کا وقت گزر چکا تھا میرے دوست کا حکم تھا ''داخلہ بند ہوجانا کوئی عذر قابل سماعت نہیں ہر صورت داخل کرانا ہے ورنہ......'' میں اس عزیز بچہ کو لے کر کالج چلا گیا۔ زبان سے کچھ نہ کہا وہ خط آگے رکھ دیا۔ پڑھ کر اس بچہ کو مخاطب کرکے فرمایا اس خط سے اندازہ ہوگیا ہے کہ آپ کے بھائی ہمارے باجوہ صاحب کے قریبی دوست ہیں۔ گو داخلہ کا وقت گزر چکا ہے میں اس دوستی میں پھیک نہیں پڑنے دوں گا۔ آپ آجائیں داخلہ کی کوئی صورت ہوجائے گی۔ ایک اور رعایت بھی دیتا ہوں وہ یہ کہ داخلہ کے وقت والد یا سرپرست کا ساتھ آنا ضروری ہوتا ہے آپ کو اس سے بھی چھٹی آپ اپنے والد یا بھائی کو تکلیف نہ دیں۔ اس کے بعد کئی دفعہ ایسا ہوا کہ میں کسی امیدوار کو لے کر گیا تو مسکرا کر دریافت فرمایا کہ اگر داخلہ نہ ہو تو کوئی دوستی تو خطرہ میں نہ ہوگی۔ (سیدنا ناصر نمبر ماہنامہ خالد ربوہ ص 84)

دو خلفاء کی عطا اور ایک نام

مکرم چوہدری محمد سلمان اختر صاحب چک نمبر 35 جنوبی ضلع سرگودھا لکھتے ہیں:۔

جب میرا نواں بیٹا پیدا ہوا (یعنی زندوں میں ساتواں) تو حسب سابق میرے والد محترم نے حضور کی خدمت اقدس میں اپنے پوتے کا نام تجویز کرنے اور دعا کے لئے خط لکھا تو بوجہ ڈاک کی خرابی یا کسی اور وجہ سے جب جواب میں زیادہ ہی تاخیر ہوئی تو خاکسار نے بھی ایک چٹھی حضور کی خدمت میں تحریر کردی کہ حضور بچہ کا نام تجویز فرما دیں۔ میں نے یہی سمجھا کہ

پہلی چٹھی جو میرے والد محترم نے تحریر کی تھی کہیں ضائع ہوگئی ہوگی۔ مگر خاکسار راقم الحروف کے چٹھی تحریر کرنے کے بعد پہلی چٹھی کا جواب حضور کی طرف سے موصول ہوا کہ بچے کا نام حضور نے ''شفقت احمد'' رکھا ہے۔ اس کے بعد جو چٹھی میں نے لکھی تھی اس کا بھی جواب موصول ہوگیا کہ بچے کا نام ''محمد ہارون'' تجویز کیا گیا ہے۔ (شاید حضور نے سمجھا ہوگا کہ الگ الگ بچے ہیں) خیر ہم لوگوں نے دونوں ناموں میں پہلا نام شفقت احمد رکھ لیا۔ کرنا خدا تعالیٰ کا ایسا ہوا کہ خلافت ثالثہ کے آخری زمانہ میں ہمارے ہاں ایک اور بچے کی امید ہوتی ہے تو حضور وفات پا جاتے ہیں اور خلیفۃ المسیح الرابع کا عہد شروع ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ خاکسار کو ایک اور یعنی زندوں میں آٹھواں بیٹا عطا فرماتا ہے تو حسب معمول میرے والد محترم پوتے کا نام رکھنے کے لئے خلیفۃ المسیح الرابع کی خدمت اقدس میں تحریر کرتے ہیں اور ساتھ ہی عرض کرتے ہیں کہ حضور میرے تمام پوتوں کے نام ''احمد'' کے وزن پر ہیں۔ اس لئے آپ بچے کا نام ''احمد'' کے وزن پر تجویز فرماویں۔ مگر حضور کی طرف سے جواب موصول ہوتا ہے کہ بچے کا نام ''محمد ہارون'' تجویز ہوا ہے۔ اللہ! اللہ! یہ کیا واقعہ ہے کہ ایک زائد نام حضور خلیفۃ المسیح الثالث کی طرف سے آجاتا ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے خلیفہ کی بات پوری کرنے کے لئے ایک اور بچہ دیتا ہے اور پھر خلیفہ وقت کی خدمت اقدس میں ''احمد'' کے وزن پر نام کے لئے عرض کیا جاتا ہے مگر حضور خود بخود ''محمد ہارون'' نام تجویز فرماتے ہیں۔ گویا کہ ایک بچے کا نام دو خلفاء نے رکھا۔ بچے کے ناموں کے دونوں خطوط جو خلافت ثالثہ اور خلافت رابعہ کی طرف سے موصول ہوئے محفوظ ہیں۔ حضور کے منہ سے نکلی ہوئی بات کو اللہ تعالیٰ نے کس طرح پورا کیا۔

(سیدنا ناصر نمبر ماہنامہ خالد ربوہ ص 295,294)

نوازش، مہربانی

محترم چوہدری ظہور احمد صاحب باجوہ تحریر فرماتے ہیں۔

1966ء کے وسط میں میری عارضی تقرری بطور پرائیویٹ سیکرٹری ہوئی۔ احساس ذمہ داری سے دھڑکتے دل کے ساتھ اس دفتر میں حاضری دی مگر حضور کے تلطف سے یہ کیفیت دور ہوگئی۔ گرمیوں کے دن تھے۔ دفتری اوقات دو پہر تک ہوتے تھے میں گھر چلا گیا۔ فون کی گھنٹی ہوئی دوسری طرف حضور تھے۔ فرمایا جلدی چلے گئے میں واپس دفتر آگیا میری میز پر کھانا پڑا تھا۔ دوسرے دن دفتر سے اٹھ کر چلا گیا۔ پیچھے پیچھے ایک آدمی کھانا لے کر گھر آگیا۔ تیسرے دن دفتر بند ہونے سے پہلے اندر سے ایک خادم یہ پیغام لے کر آیا کہ دفتر بند ہونے پر نہ اٹھوں۔ پھر کھانا آگیا اور یہ نوازش 1973ء کے آخر تک کہ میں اس دفتر میں رہا جاری رہی۔ میں یہ حسن سلوک نہیں بھول سکتا۔

(سیدنا ناصر نمبر ماہنامہ خالد ربوہ ص 85)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

سر زمین بھیرہ کے پہلے واقف زندگی

حضرت میاں عبدالرحمان صاحب رفیق حضرت مسیح موعود

سیالکوٹ حضرت مسیح موعود کا وطن ثانی ہے اور بھیرہ وہ مبارک خطہ زمین ہے جہاں قدرت ثانیہ کے مظہر اول سیدنا حضرت حافظ مولانا نورالدین کو خلعت وجود بخشا گیا۔

سیالکوٹ کی بنیاد 1000 ق م میں رکھی گئی۔ اور بھیرہ کی قدامت کا اندازہ اس جدید تحقیق سے بخوبی ہوسکتا ہے کہ اکتوبر 326 ق م میں سکندر اعظم نے یونان واپسی سے پہلے اپنی بھاری فوج کے ساتھ دو روز تک اس میں قیام کیا (تاریخ پاکستان۔ وسطی عہد از یحییٰ امجد صفحہ 120-121 ناشر سنگ میل لاہور اشاعت 1997ء) اس زمانہ میں چنیوٹ کا ہندو قانون دان چانکیہ ٹیکسلا یونیورسٹی کا گرو یعنی استاد تھا۔

(تاریخ پاکستان۔ وسطی عہد صفحہ 940)

اردو جامع انسائیکلو پیڈیا (مطبوعہ لاہور 1987ء) میں بھیرہ کی نسبت لکھا ہے:۔

''آبادی 29,000 ضلع سرگودھا پنجاب .... بڑا پرانا قصبہ ہے......... پنجابی ادب کے مشہور صوفی شاعر مولوی دلپذیر اسی شہر کے رہنے والے تھے'' (جلد اول صفحہ 283) یہی وہ تاریخی بستی ہے جو حضرت مولانا الحاج محمد دلپذیر صاحب کے علاوہ حضرت مفتی محمد صادق صاحب، حضرت قاضی امیر حسین صاحب، حضرت منشی خادم حسین صاحب، حضرت حکیم فضل دین صاحب، حضرت مولانا خان ملک صاحب اور دیگر متعدد اکابر سلسلہ احمدیہ کا مولد ہے۔

اس قصبہ میں ماموالزمان کے مخلص مرید حضرت میاں قمرالدین صاحب کے ہاں حضرت میاں عبدالرحمٰن صاحب جیسے سرفروش خادم دین پیدا ہوئے۔ جنہیں بھیرہ کے سب سے پہلے واقف زندگی کا اعزاز اس وقت نصیب ہوا جبکہ آپ بھیرہ سکول میں نویں جماعت کے طالب علم تھے۔

فوری سبب اس کا یہ ہوا کہ آپ کے والدین آپ کو جلسہ سالانہ قادیان دارالامان سے فیضیاب ہونے کے لئے اپنے ہمراہ دیار حبیب میں لے گئے جہاں آپ کو حضرت مسیح موعود کی زبان مبارک سے دو ولولہ انگیز خطاب سننے کا شرف حاصل ہوا حضرت اقدس نے درد دل سے وقف زندگی کی اہمیت و ضرورت پر روشنی ڈالتے ہوئے ارشاد فرمایا:۔

''(۔) اس وقت یتیم ہوگیا ہے اور کوئی اس کا سرپرست نہیں اور خدا تعالیٰ نے اس جماعت کو اختیار کیا اور پسند فرمایا کہ وہ اس کی سرپرست ہو اور وہ ہر طرح سے ثابت کرے، دکھائے کہ (۔) کی سچی غمگسار اور ہمدرد ہے۔

وہ چاہتا ہے کہ یہی قوم ہوگی جو بعد میں آنے والوں کے لئے نمونہ ٹھہرے گی۔ اس کے ثمرات برکات آنے والوں کے لئے ہوں گے اور زمانہ پر محیط ہو جائیں گے۔ میں سچ کہتا ہوں کہ یہ جماعت بڑھے گی لیکن وہ لوگ جو بعد میں آئیں گے ان مدارج اور مراتب کو نہ پائیں گے جو اس وقت والوں کو ملیں گے۔ خدا تعالیٰ نے ایسا ہی ارادہ فرمایا کہ وہ اس جماعت کو بڑھائے اور وہ دین (۔) اور توحید کی اشاعت کا باعث بنے۔.........

اس زمانے میں (۔) پر ہر رنگ اور ہر قسم کے اعتراض کئے جاتے ہیں۔ میں نے ایک مرتبہ اس قسم کے اعتراضوں کا اندازہ کیا تھا تو میں نے دیکھا کہ (۔) پر تین ہزار اعتراض مخالفوں کی طرف سے ہوا ہے۔ پس یہ کس قدر ضروری ہے کہ ایک جماعت ایسے لوگوں کی ہو جو ان تمام اعتراضات کا بخوبی جواب دے سکے۔ آجکل کے مناظروں اور مباحثوں کی حالت اور بھی بری ہوگئی ہے کہ اصول کو چھوڑ کر فروع میں جھگڑتے ہیں، حالانکہ اس اصل کو کبھی ہاتھ سے نہیں دینا چاہئے کہ جب کسی سے گفتگو ہو تو وہ ہمیشہ اصول میں محدود ہو۔.........غرض اعتراض کرنے والوں کی یہ حالت ہے اور نہایت شوخی اور بیباکی کے ساتھ یہ سلسلہ جاری ہے۔ میں جب (۔) کی حالت کو مشاہدہ کرتا ہوں تو میرے دل پر چوٹ لگتی ہے اور دل چاہتا ہے کہ ایسے لوگ میری زندگی میں تیار ہو جاویں (۔) کی خدمت کرسکیں۔ ہم تو پا بگور ہیں اور اگر تیار نہ ہوں تو پھر مشکل پیش آتی ہے۔ میرا مدعا اس قدر ہے کہ آپ لوگ تدبیر کریں خواہ کسی پہلو پر صاد کیا جاوے مگر یہ ہو کہ چند سال میں ایسے نوجوان نکل آویں جن میں علمی قابلیت ہو اور وہ غیر زبان کی واقفیت بھی رکھتے ہوں اور پورے طور پر تقریر کر کے (۔) کی خوبیاں دوسروں کے ذہن نشین کرسکیں۔ میرے نزدیک غیر زبانوں سے اتنی ہی مراد نہیں کہ صرف انگریزی پڑھ لیں۔ نہیں اور زبانیں بھی پڑھیں اور سنسکرت بھی پڑھیں تا کہ ویدوں کو پڑھ کر ان کی اصلیت ظاہر کرسکیں۔ اس وقت تک وید گویا مخفی پڑے ہوئے ہیں۔ کوئی ان کا مستند ترجمہ نہیں۔ اگر کوئی کمیٹی ترجمہ کر کے صاد کر دے تو حقیقت معلوم ہو جاوے۔

اصل بات یہ ہے کہ میں چاہتا ہوں کہ (۔) کو ان لوگوں اور قوموں میں پہنچایا جاوے جو اس سے محض ناواقف ہیں اور اس کے لئے یہ ضروری ہے کہ جن قوموں میں تم اسے پہنچانا چاہو ان کی زبانوں کی پوری واقفیت ہو۔'' (الحکم 31 جنوری 1906ء صفحہ 3)

خدا کے موعود فرستادہ کے ان پُر درد الفاظ نے اس معصوم طالب علم پر ایسا جادو اثر کیا کہ اس نے اپنے آقا کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اپنے پیارے والدین کی اجازت سے حضرت اقدس کی خدمت میں حسب ذیل درخواست بھیج دی۔

''بحضور فیضگنجور جناب حضرت مسیح موعود.........

نہایت ہی عاجزانہ عرض ہے کہ بندہ اس جگہ نویں جماعت میں پڑھتا ہے لیکن حضور کی متواتر اور برکت والی دو روزہ تقریر سے بندہ کو بہت اثر ہوا۔ اس واسطے حضور کی خدمت میں عرض ہے کہ بندہ اپنے والدین کی **رضا مندی سے اپنی زندگی اللہ کی راہ میں بڑی خوشی سے وقف کرتا ہے الا ماشاء اللہ اور جو علم حضور میرے لئے تجویز فرماویں وہی بندہ کو منظور ہے درخواست دعا حضور کا تابعدار**
خاکسار عبدالرحمٰن ولد مستری قمرالدین احمدی بھیروی''

اس عرضداشت پر حضرت اقدس نے اپنے قلم مبارک سے جواب لکھا ''.........**بہت عمدہ اور مبارک راہ ہے جزاکم اللہ خیرا۔ خدا اس میں برکت دے۔**

یہ ارادہ معرفت الحکم و بدر شائع کر دیں والسلام
مرزا غلام احمد''

حضور پُرنور کے اس ارشاد کی فوری تعمیل کی گئی اور اخبار بدر نے 12 جنوری 1907ء کو اور اخبار الحکم نے 17 جنوری 1907ء کے پرچہ میں ریکارڈ کر دیا۔

حضرت میاں عبدالرحمٰن صاحب نے ایک نئے جذبہ اور ولولہ کے ساتھ اپنی اس حیات نو کا آغاز کیا اور اپنے عہد وقف نو کو نبھانے کے لئے ہمہ تن مصروف عمل ہوگیا اور عالم شباب میں پر جوش داعی اللہ الی بن گئے جیسا کہ ''بھیرہ کی تاریخ احمدیت'' کے مولف جناب فضل الرحمٰن صاحب بسمل غفاری بی اے بی ٹی مرحوم امیر جماعت احمدیہ بھیرہ و استاذ جامعہ احمدیہ (متوفی 10 راکتوبر 1993ء) نے بھی اپنی کتاب کی طبع اول دسمبر 1972ء کے صفحہ 115 پر اشارہ فرمایا ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (فداہ ابی وامی) کی حدیث مقدس ہے کہ اللہ تعالیٰ کو وہ نوجوان بہت محبوب ہے جو اپنی جوانی خدا کی اطاعت میں فنا کر دیتا ہے۔

(حلیہ ابونعیم بحوالہ جامعہ الصغیر للسیوطی جلد 1 صفحہ 75)

حضرت مسیح موعود کے وصال کے آٹھ سال بعد خالق حقیقی کا بلاوا آگیا اور حضرت میاں عبدالرحمٰن صاحب کی روح 5 نومبر 1915ء کو قفس عنصری سے پرواز کرگئی اور آپ بہشتی مقبرہ قادیان دارالامان میں دفن کئے گئے خدا کے اس پیارے بندے کی خوش نصیبی دیکھئے کہ آپ اس قطعہ 3 میں آسودہ خاک ہیں جس کے پہلے حصہ میں پہلا سنگ مزار فدائی احمدیت کابل شیخ عجم حضرت شہزادہ مولانا عبداللطیف صاحب کا آویزاں ہے اور اس کے تیسرے حصہ کی پہلی قبر حضرت مسیح موعود کے فدائی و شیدائی حضرت مولانا عبداللہ سنوری کی ہے۔

میاں عبدالرحمٰن صاحب قطعہ 3 کے حصہ 9 میں 5 ویں نمبر پر ابدی نیند سو رہے ہیں ع

یہ مرتبہ بلند ملا جس کو مل گیا

ماخوذ

لہسن پر جدید تحقیق سے مزید فوائد منظر عام پر آئیں گے

خارش دور کرنے، کولیسٹرول، بلڈ پریشر نارمل رکھنے اور متعدد فوائد کی حامل سبزی

لہسن کی تاریخ بہت قدیم ہے ابتدا سے ہی اس کی افادیت مسلم ہے زمانہ قدیم سے اسے دوا کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ اس کے بغیر سالن ذائقے دار نہیں بن سکتا۔ لہسن ہر ہانڈی کی زینت ہے۔ اب بھی دیہات میں ٹھنڈ لگ جانے کی صورت میں مریض کو اس کا شوربہ استعمال کرایا جاتا ہے جس سے نزلہ وزکام میں افاقہ ہوتا ہے زمانہ قدیم میں اسے طاعون کے دفیعہ کے لئے بھی استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ خارش کو دور کرنے اور کولیسٹرول لیول کو نارمل رکھنے میں اس کا کوئی ثانی نہیں۔

بلڈ پریشر میں مفید

یہ تندوتیز سبزی اپنے اندر گندھک کی خاصی مقدار لئے ہوئے ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ اس کے استعمال سے خون صاف ہو جاتا ہے اور پھوڑے پھنسیوں سے نجات مل جاتی ہے۔ جدید تحقیق بتاتی ہے کہ کچے لہسن کے استعمال سے بلڈ پریشر نارمل ہو جاتا ہے اگر بلڈ پریشر کے مریض دو یا تین جوئے باقاعدہ استعمال کریں تو افاقہ ہوتا ہے اب تو اس کے کیپسول بھی تیار کر لئے گئے ہیں جن کے اندر پاؤڈر کی شکل میں لہسن موجود ہوتا ہے بلڈ پریشر کے مریض یہ کیپسول استعمال کرتے ہیں جس سے انہیں خاطر خواہ فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ اگر چند کچے جوئے پانی کے ساتھ نگل لئے جائیں تو یہ زیادہ مؤثر کردار ادا کرتے ہیں۔

متعدد فوائد

بودار ہونے کے باعث لہسن کھا کر کسی محفل میں جانا اچھا نہیں لگتا تاہم اگر یہ کھانے کے بعد تھوڑا سا ثابت یا سبز دھنیہ چبا لیا جائے یا سونف استعمال کی جائے تو اس کی بُو میں کمی واقع ہو جاتی ہے لہسن اپنے اندر طاقتور جراثیم کش اہلیت رکھتا ہے اس کا استعمال امیون سسٹم کو بھی مضبوط بناتا ہے یہ کھانے کو ہضم کرتا ہے اور معدے کو تقویت دیتا ہے لہسن دل کو خون سپلائی کرنے والی شریانوں کی رکاوٹوں کو کھولتا ہے اور خون کے بہاؤ کو نارمل کرتا ہے بدن کی رسولیوں اور گلٹیوں کو دور کرنے میں بھی اپنا کوئی ثانی نہیں رکھتا اسی طرح جسم پر حملہ آور ہونے والے جراثیم کے خاتمے کی اہلیت کا حامل ہے۔ لہسن کے استعمال کے سائڈ افیکٹس نہ ہونے کے برابر ہیں تاہم اس کا مناسب مقدار میں استعمال ہی مفید ثابت ہوسکتا ہے۔ جن لوگوں نے سرجری کرا رکھی ہو ان کے لئے بھاری مقدار میں لہسن کا استعمال جریان خون کے دورانیہ میں اضافہ کرسکتا ہے۔

تیزابیت کی وجہ سے اس کا بے تحاشا استعمال آنتوں میں زخم ڈال سکتا ہے وبا کے دوران اس کا استعمال اس کے حملوں سے محفوظ و مامون رکھتا ہے۔

پیاز کی فیملی سے تعلق

لہسن ایک ہی وقت میں فرحت بخش پیچیدہ فطری اور حیرت انگیز چیز ہے دور رکھنے سے اس کی بو محسوس نہیں ہوتی اسے ناک کے بالکل قریب کریں تو یہ اپنی بو محسوس کراتا ہے۔ لہسن کا تعلق پیاز کی فیملی سے ہے تاہم پیاز کی نسبت اس کی بو بہت تیز ہوتی ہے جب لہسن اور پیاز میں سبزی یا گوشت کو بھونا جاتا ہے تو ایک عجیب سوندھی سوندھی اور خوشگوار خوشبو کا احساس ہوتا ہے اس کے بغیر کوئی بھی سالن جاندار اور ذائقے دار نہیں ہوسکتا آپ لہسن کے بغیر کوئی سالن تیار کر کے دیکھیں اس کا ذائقہ نہیں ہوگا۔

اقسام

ایشیا کے لہسن کی دو اقسام ہیں دیسی اور ولایتی اس کی چاندی جیسی سفید جلد اس کا چھلکا ہوتا ہے۔ دیسی لہسن میں زیادہ فوائد ہوتے ہیں اس کے اندر سلفر کی بھاری مقدار ہوتی ہے ہاں یہ ضرور ہے کہ اس کے جوئے چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں جن کو چھیلنے میں دقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے انگریزی لہسن کے جوئے بڑے بڑے ہوتے ہیں ان کو چھیلنے میں آسانی ہوتی ہے۔ مگر ان کے اندر سلفر کی مقدار کم ہوتی ہے۔

مزید تعارف

اب لہسن کے متعلق کچھ مزید تفصیلات، لہسن کو عربی زبان میں ثوم کہتے ہیں۔ فارسی میں اسے سیر کہا جاتا ہے اور پنجابی میں تھوم اور بنگالی میں اسے رشن کا نام دیا جاتا ہے۔ پشتو میں یہ اوگہ کہلاتا ہے اس کا لاطینی نام Allium Sativum (ایلیم سیٹوم) ہے یہ زمین کے اندر اگنے والی جڑ ہوتی ہے۔ لہسن کی ایک قسم ایسی بھی ہے جس میں صرف ایک جوا ہوتا ہے۔ اس کا جزو مؤثرہ ایک گہرا زرد یا بھورا فراری تیل ہے اس کا ذائقہ تلخ و تیز ہوتا ہے۔

طب جدید میں مقام

طب جدید کے مطابق یہ تیسرے درجے میں گرم وخشک مزاج کا حامل ہوتا ہے۔ یہ دنیا کے ہر حصے میں پایا جاتا ہے۔ یہ جسمانی بادی پن کو دور کرتا ہے اور ریاح کے لئے بے حد مفید ہے۔ یہ جسم کی بلغم کے خاتمے میں اپنا کوئی ثانی نہیں رکھتا بدہضمی کی تکالیف کا مؤثر علاج ہے غذا کے ہضم میں مدد دیتا ہے۔ مدر بول ہے یعنی پیشاب کو جاری کرتا ہے گلے کے لئے بھی مفید ثابت ہوا ہے یہ گلے کو صاف کر کے بیٹھی ہوئی آواز کو صاف کر دیتا ہے بلغمی اور عصبی امراض دمہ جوڑوں کے درد میں مفید ہے اس طرح فالج لقوہ اور رعشہ کے دفیعہ کے لئے موثر کردار ادا کرتا ہے۔

موسم سرما میں استعمال

سردی کے موسم میں جسم کو گرم رکھتا ہے اور صحت و توانائی بخشتا ہے اس کی عام طور پر انار دانہ، پودینہ اور ادرک کے ساتھ نمک ملا کر چٹنی تیار کرتے ہیں جو کھانے کے ساتھ بہت مزہ دیتی ہے۔

چند قابل ذکر نسخے

ریاحی اور اپھارہ کے امراض میں اسے بھون کر مریض کو کھلایا جاتا ہے لہسن کی ایک گانٹھ لے کر اسے گھی یا تیل میں تل کر سرخ کر لیا جاتا ہے یا سلگتے ہوئے کوئلوں پر اسے بھونا جاتا ہے پھر اس پر نمک چھڑک کر کھانا بے مفید ثابت ہوتا ہے۔

☆ لہسن باریک پیس کر اسے پھوڑے اور پھنسیوں پر پلٹس کے طور پر باندھا جاتا ہے۔ کوئی زہریلا کیڑا کاٹ لے تو اس پر اس کا پانی لگایا جاتا ہے یا لہسن کوٹ کر لیپ کیا جاتا ہے۔ جس سے خاطر خواہ فائدہ ہوتا ہے۔

☆ پرانے زمانے میں ہڈیوں کی ٹی بی میں پسا ہوا لہسن اور مکھن ملا کر زخموں پر اس کی پٹی باندھتے تھے جس سے فائدہ حاصل ہوتا تھا۔

☆ کان میں شوں شوں کی آوازیں آتی ہوں یا ثقل سماعت کا عارضہ لاحق ہو تو لہسن اور ادرک کا رس نیم گرم کر کے کان میں ٹپکانے سے افاقہ ہوتا ہے۔ بچھو یا سانپ کاٹ لے تو اس پر لہسن کوٹ کر باندھنے سے زہر کا اثر زائل ہو جاتا ہے یہ اس قدر تیز ہوتا ہے کہ جسم پر لگانے سے زخم ڈال دیتا ہے اور جلد کو سرخ کر دیتا ہے۔

☆ معجون سیرا سکا مرکب حکیم تیار کرتے ہیں جو امراض بلغمی سوداوی اور ہر قسم کے زہر کے لئے تریاق مانا جاتا ہے۔

☆ مغربی طب میں بھی اس کو بطور دوا کے استعمال کیا جا رہا ہے۔

☆ یہ عفونت کو دور کرتا ہے تپ محرقہ میں لہسن کا رس ایک ڈرام کسی شربت کے ہمراہ دن میں دو تین بار استعمال کرانا بے حد موثر ہے۔

سوئٹزرلینڈ کی سینڈو کمپنی تازہ لہسن چارکول کا مرکب ٹکیوں کی صورت میں ایلی مشین کے نام سے فروخت کرتی جو آنتوں میں تخمیر و تعفن روکنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے آیورویدک طریق علاج میں اس کا رس یعنی پانی زیادہ مروج اور مستعمل ہے۔

☆ بعض دیہات میں سل و دق کے مریضوں کو لہسن کا پانی بھینس کے دودھ میں ملا کر پلانے کا رواج ہے اور اس کا خاطر خواہ فائدہ بھی حاصل ہوتا ہے۔ پانی کی مقدار دو ماشہ سے شروع کر کے چھ ماشہ تک بڑھائی جاسکتی ہے جیسا کہ پہلے بتایا جاچکا ہے کہ اس کے اندر گندھک کی بھاری مقدار موجود ہوتی ہے۔

☆ یاد رہے کہ مکردھوج مقوی بدن و اعصاب آیورویدک دوا ہے شاید اسی وجہ سے پراچین، رشیوں منیوں اور کے لئے اس کا استعمال ممنوع قرار دے دیا گیا تھا۔ لہسن اور پیاز کے خواص باہم ملتے جلتے ہیں دونوں کے اندر فائٹونیسا ئیڈ (ایک تیز بدبودار تیل) موجود ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ یہ دونوں جراثیم کو ہلاک کرنے کی صلاحیت سے مالا مال ہوتے ہیں تاہم فرق صرف اتنا ہے کہ کچا پیاز یورک ایسڈ میں اضافہ کرتا ہے مگر لہسن یورک ایسڈ میں کمی کرتا ہے۔

بہرحال لہسن پر مزید تحقیق جاری ہے اس کے اور بھی بہت سے فوائد منظر عام پر آنے والے ہیں ہمارے ملک میں یہ ایک سستی چیز ہے اس کا استعمال جملہ امراض کے لئے مفید ثابت ہوتا ہے اسے سالنوں میں استعمال کرنے سے ان میں عمدگی اور مزے میں کئی گنا اضافہ ہو جاتا ہے۔

مغربی ممالک میں گارلک بریڈ ملتی ہے جسے لوگ بڑے شوق سے کھاتے ہیں اسی طرح پیزہ میں بھی اسے کثرت سے استعمال کیا جاتا جس سے اس کے ذائقے میں بے پناہ اضافہ ہو جاتا ہے اور اس کی طبی افادیت بھی سہ گنا ہو جاتی ہے۔

یونان میں ہر سال اپریل میں گارلک فیسٹیول کا انعقاد کیا جاتا ہے یہ تین روز تک جاری رہتا ہے اس میں ہر کھانا گارلک سے تیار کیا جاتا ہے جسے سیاح رغبت کے ساتھ کھاتے اور لطف اندوز ہوتے ہیں۔ کچا لہسن اور پیاز کھا کر محفل میں جانے اور مسجدوں میں جانے سے منع کیا گیا ہے کیونکہ ان کی ناگوار بو دوسروں کو ڈسٹرب کرتی ہے لہٰذا اجتماعات میں جانے سے پہلے لہسن کھانے سے پرہیز کرنا چاہئے اسے بھون کر یا تل کر کھانے سے ان کی بو میں کمی واقع ہو جاتی ہے مگر اس کی افادیت اس قدر زیادہ ہے کہ اسے ترک کرنا بھی اچھا نہیں یہ صرف اس وقت استعمال کیا جائے جب گھر پر ہی ٹھہرنا مقصود ہو سالن میں ڈالا گیا لہسن زیادہ بو پیدا نہیں کرتا۔

(نوائے وقت سنڈے میگزین 2/اپریل 2006ء)

☆......☆......☆......☆

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 64288 میں شاہد احمد قریشی

ولد مبارک احمد قریشی قوم قریشی پیشہ کاروبار عمر 38 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ماڈل کالونی کراچی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 22-9-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/6000 روپے ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد شاہد احمد قریشی گواہ شد نمبر 1 سید منیر احمد وصیت نمبر 26454 گواہ شد نمبر 2 عبدالمالک خان وصیت نمبر 17218

مسل نمبر 54289 میں فضل احمد

ولد محمد ابراہیم قوم آرائیں پیشہ ملازمت عمر 56 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن فیڈرل بی ایریا کراچی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 12-7-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حصہ از موروثی جائیداد زرعی اراضی ڈیڑھ کنال تقریباً واقع چک نمبر 96/گ۔ب اندازاً مالیتی -/100000 روپے۔ 2۔ چک نمبر 96/گ۔ب میں واقع احاطہ مرلہ مالیتی اندازاً -/30000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/10000 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/2000 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد فضل احمد گواہ شد نمبر 1 جناح الدین ولد صلاح الدین گواہ شد نمبر 2 عامر بٹ وصیت نمبر 45093

مسل نمبر 64290 میں کنیز بیگم

زوجہ فضل احمد قوم آرائیں پیشہ خانہ داری عمر 51 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن فیڈرل بی ایریا کراچی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 12-7-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ رہائشی مکان برقبہ 80 گز مالیتی اندازاً -/1500000 روپے۔ 2۔ طلائی زیور 2 تولے مالیتی -/20000 روپے۔ 3۔ حق مہر ادا شدہ -/1000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ اور بصورت کرایہ مکان مبلغ -/36000 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتی رہوں گی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ کنیز بیگم گواہ شد نمبر 1 فضل احمد خاوند موصیہ گواہ شد نمبر 2 عبدالباری یاسر وصیت نمبر 45022

مسل نمبر 64291 میں طاہر رشید

ولد رشید احمد قوم کھوکھر پیشہ دوکانداری عمر 27 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن منظور کالونی کراچی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 16-6-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ پلاٹ برقبہ 240 گز واقع یوسف گوٹھ مالیتی اندازاً -/800000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/4000 روپے ماہوار بصورت دوکانداری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد طاہر رشید گواہ شد نمبر 1 وجاہت مصطفیٰ کاہلوں ولد غلام مصطفیٰ کاہلوں مرحوم گواہ شد نمبر 2 شہزاد احمد بھٹی وصیت نمبر 32169

مسل نمبر 64292 میں منصور احمد گوندل

ولد اعجاز احمد گوندل قوم گوندل پیشہ ملازمت عمر 30 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بوستان رضا کراچی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 24-9-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ مشترکہ زرعی اراضی 8/ ایکڑ واقع بچاؤ بند گوٹھ احمدیہ میرپور خاص مالیتی -/200000 روپے کا شرعی حصہ مالیتی -/39000 روپے والدہ تین بہنیں اور تین بھائی حصہ دار ہیں۔ اس وقت مجھے مبلغ -/7000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد منصور احمد گوندل گواہ شد نمبر 1 سید منیر احمد شاہ وصیت نمبر 26454 گواہ شد نمبر 2 محمد اسد اللہ خان وصیت نمبر 28699

مسل نمبر 64293 میں غلام فاطمہ

